**29.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کے پاس دنیا کی سب سے بڑی سماجی تحفظ کی اسکیموں میں سے ایک اسکیم ہے۔ اِن اسکیموں سے 95 کروڑ لوگوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے بھارت سے Trachoma کے خاتمے کے بارے میں عالمی صحت تنظیم WHO کے اعلان کا بھی ذکر کیا۔

☆ آکاشوانی پر اپنے 'من کی بات' پروگرام میں وزیر اعظم نے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ اُن لوگوں کو یاد رکھیں، جنہوں نے ایمرجنسی کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔

☆ اڈیشہ سرکار نے پوری میں بھگدڑ کے واقعے کی اعلیٰ سطح کی ایڈمنسٹریٹیو تحقیقات کرائے جانے کا حکم دیا ہے۔ ضلع مجسٹریٹ اور پولیس سپرنٹنڈینٹ کا تبادلہ کردیا گیا ہے۔

☆ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے ریلوے بورڈ کو ہدایت دی ہے کہ وہ ریل گاڑیوں کی روانگی سے 8 گھنٹے پہلے ریزرویشن چارٹ تیار کرنے کا کام مرحلے وار طریقے سے شروع کردے۔

☆ جنوب مغربی مانسون، معمول کی تاریخ سے 9دن پہلے آج پورے ملک میں پہنچ گیا ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ وسطی بھارت اور شمال مغربی بھارت میں اگلے دو دن شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Mann Ki Baat**

وزیراعظم نریندرمودی نے زور دے کر کہاہے کہ ملک صحت سے لے کر سماجی تحفظ تک ہر شعبے میں صد فی صد تکمیل کے احساس کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے، جو سماجی انصاف کی ایک شاندار تصویر بھی ہے۔ آج آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ سماجی تحفظ، دنیا میں سب سے بڑی اسکیموں میں سے ایک ہے کیونکہ ملک کے تقریباً 95 کروڑ لوگ سماجی تحفظ کی کسی نہ کسی اسکیم کا فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔

2100-PM Modi on ILO

ایمرجنسی کی بات کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ عوام کی شمولیت کی طاقت کے ساتھ بڑے سے بڑے

بحران کا سامنا کیا جاسکتا ہے اور یہ عوام کی طاقت ہی تھی کہ نہ تو وہ جھکے، نہ ٹوٹے اور نہ ہی انہوں نے جمہوریت کے ساتھ کسی طرح کے سمجھوتے کو قبول کیا۔

انہوں نے کہا کہ جن لوگوں نے ایمرجنسی نافذ کیے، انہوں نے نہ صرف آئین کا قتل کیا بلکہ اُن کا ارادہ عدلیہ کو اپنا غلام بنائے رکھنے کا بھی تھا۔

2100-PM Modi on Emergency

جناب مودی نے کہا کہ آسام میں بوڈو لینڈ، آج ایک نئے روپ اور ایک نئی شناخت کے ساتھ ملک میں ایک الگ مقام رکھتا ہے۔ وہاں کے نوجوانوں کی قوت اور اعتماد فٹبال کے میدان میں خاص طور پر دیکھا جاسکتا ہے۔بھارت کی علاقائی، لسانی اور ثقافتی تنوع کا ذکر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ فنون، دستکاری اور ہنر میں تنوع بھی ملک کی ایک بڑی خصوصیت ہے۔اپنے خطاب میں وزیراعظم نے خواتین کی زیرقیادت ترقی کی بھی بات کی اور کہا کہ یہ بھارت کے لیے ایک نیا مستقبل سنوارنے کے لیے تیار ہے، کیونکہ ملک کی خواتین نہ صرف خود کے لیے بلکہ پورے معاشرے کے لیے ایک نئی سمت طے کر رہی ہیں۔

2100-PM -MNK- Women Led Dev

وزیراعظم نے بھارت سے Trachoma کے خاتمے کے بارے میں عالمی صحت تنظیم WHO کے اعلان کا بھی تذکرہ کیا اور کہا کہ یہ اُن لاکھوں لوگوں کی محنت کا نتیجہ ہے جنہوں نے رُکے بغیر انتھک اِس بیماری سے مقابلہ کیا۔x

## Prez Uttar Pradesh

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے اترپردیش کے دو روزہ دورے پر رہیں گی۔ وہ بریلی میں انڈین Veterinary ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے گیارھویں تقسیم اسناد تقریب میں شرکت کریں گی۔ صدرِ جمہوریہ اسی دن ایمس گورکھپور کی پہلی تقسیم اسناد تقریب میں شرکت کریں گی۔ صدر جمہوریہ منگل کے روز گورکھپور میں مہا یوگی گرو گورکھ ناتھ آیوش یونیورسٹی کا افتتاح کریں گی۔ وہ مہایوگی گورکھ ناتھ یونیورسٹی، گورکھپور کا دورہ بھی کریں گی،جہاں وہ اس کے آڈیٹوریم، Academic Block اور پنچ کرما کیندر کا افتتاح کریں گی اور لڑکیوں کے نئے ہاسٹل کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گی۔x

## Telangana Amit Shah

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اگلے سال تک ملک سے ماؤنوازیت کے خاتمے کے حکومت کے عزم کو آج پھر دوہرایا ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ بائیں بازو کے مسلح انتہاپسندوں کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں کی جائے گی۔ نظام آباد میں ہلدی کے قومی بورڈ کے صدر دفتر کے افتتاح کے موقع پر کسان سمّلین سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے ماؤنوازوں سے خودسپردگی کرنے اور قومی دھارے میں شامل ہونے کی اپیل کی۔

S/B 2100 Amit Shah. Naxal Policy

## Emergency Special Story

بھارت کی جمہوری تاریخ کے تاریک ترین ابواب میں سے ایک ایمرجنسی کے نفاذ کے 50سال پورے ہونے پر ملک بھر میں مختلف پروگرام منعقد کیے جارہے ہیں۔ وہ لوگ جنھیں اس دور میں MISA کے تحت جیلوں میں قید کردیا گیا تھا۔ اُن کی عزت افزائی کی جارہی ہے۔ممتاز صحافی Balbir Dutt نے ایمرجنسی کے تاریک دنوں کے دوران اپنے تجربات کو یاد کیا۔

Byte Balbir Dutt

## Puri Stampede

اڈیشہ سرکار نے آج صبح سویرے پوری کے Saradhabali میں سری گنڈیچہ مندر کے قریب ہوئی بھگدڑ میں ہونے والی اموات کے سلسلے میں اعلیٰ سطحی انتظامی جانچ کا حکم دیا ہے۔ اڈیشہ کے ترقیاتی کمشنر Anu Garg اس افسوسناک حادثے کی جانچ کریں گے، جس میں دو خواتین سمیت 3عقیدتمند ہلاک ہوگئے۔ اس کے علاوہ کئی دیگر افراد شدید طور پر زخمی بھی ہوئے ہیں۔ یہ حادثہ آج صبح 4سے ساڑھے چار بجے کے درمیان پیش آیا جب لوگوں کا ایک ہجوم بھگوان جگن ناتھ، بھگوان بل بھدر اور دیوی سُبھدرا کے درشن کیلئے بڑی تعداد میں جمع ہوگئے تھے جو اپنے اپنے رتھوں Taladhwaja،Nandighosa اور Devadalana پر سوار تھے۔اڈیشہ سرکار نے مرنے والوں کے قریبی لواحقین کیلئے 25لاکھ روپئے کے معاوضے کا اعلان کیا ہے۔ریاستی سرکار نے پوری کے ضلع مجسٹریٹ اور پولیس سپرنٹنڈنٹ کا فرائض میں کوتاہی برتے جانے کی بنا پر تبادلہ کردیا ہے۔ دو دیگر سینئر پولیس اہلکاروں کو بھی خدمات سے معطل کردیا گیا ہے۔وزیر اعلیٰ موہن سرن مانجھی نے عقیدتمندوں کی ہلاکت پر گہری تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ سرکار، عقیدتمندوں کی سلامتی کے تئیں کوتاہی برتے جانے کو ہرگز برداشت نہیں کرے گی۔

## Dubai Rath Yatra

ایک اہم ثقافتی سنگ میل کے طور پر متحدہ عرب امارات میں مقیم اڈیشہ سماج کے لوگوں نے اپنی پندرہویں سالانہ رتھ یاترا کا اہتمام کیا، جس میں سبھی سات امارات سے ایک ہزار سے زیادہ عقیدتمندوں نے شرکت کی۔ یہ تقریب، خطے میں اڑیہ افراد کیلئے انتہائی اہم تقریبات میں سے ایک بن گئی ہے۔ یہ تقریب، دبئی کے اسٹار انٹرنیشنل اسکول میں منعقد کی گئی، جس میں روایتی رسم و رواج کے مطابق بھگوان جگن ناتھ، بھگوان بالا بھدرا اور دیوی سُبھدرا کو نذرانۂ عقیدت پیش کیا گیا۔

## Railway Reservation Chart

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے ریلوے بورڈ کو ہدایت دی ہے کہ وہ ٹرین کی روانگی سے آٹھ گھنٹے قبل ریزرویشن چارٹ کے نفاذ کی شروعات کا عمل مرحلے وار طریقے سے انجام دیں۔ اس سے ویٹنگ لسٹ کے مسافروں کی غیریقینی کی صورتحال میں کمی آئے گی۔ اس کے علاوہ ویٹنگ لسٹ ٹکٹ کے کنفرم نہ ہونے کی صورت میں اُن

مسافروں کو متبادل انتظامات کرنے کیلئے زیادہ وقت ملے گا۔ اس طرح دوپہر دو بجے سے پہلے روانہ ہونے والی ٹرینوں کیلئے، ریزرویشن چارٹ ایک دن پہلے رات 9 بجے ہی تیار کرنا ہوگا۔ جناب ویشنو نے زور دیا کہ ٹکٹنگ نظام کو اسمارٹ، شفاف، قابل رسائی اور بہترین کارکردگی والا ہونا چاہیئے۔ ٹکٹ بکنگ کو آسان بنانے کیلئے ریلوے کا محکمہ سلسلے وار اقدامات کر رہا ہے۔ نئے اَپ گریڈیڈ جدید مسافر ریزرویشن نظام کو اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ وہ موجودہ تعداد سے دس گنا زیادہ مسافروں کی ضروریات کو پورا کرسکتا ہے۔x

## Monsoon Entire Country

مانسون، اپنی معمول کی تاریخ سے 9 دن پہلے آج ملک بھر میں چھا گیا ہے۔ اس دوران، اگلے 7 دن میں جھارکھنڈ، اڈیشہ، بہار، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، اترپردیش، گوا، گجرات اور شمال مشرقی بھارت کے زیادہ تر علاقوں میں شدید بارش جاری رہ سکتی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے بھارتی محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر جنرل Mrutyunjay Mohapatra نے بتایا کہ جنوب مغربی مانسون نے 8 جولائی کی متوقع تاریخ کے برخلاف پورے ملک کا احاطہ کرلیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مانسون کی صورتحال اچھی ہے اور گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال، اڈیشہ، جھارکھنڈ، چھتیس گڑھ اور شمال مغربی بھارت سے لے کر وسطی بھارت میں اچھی بارش ہونے کا امکان ہے۔ ڈاکٹر Mohapatra نے مزید کہا کہ اگلے دو دن کے دوران وسطی اور شمال مغربی بھارت میں موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ ڈاکٹر Mohapatra نے بتایا کہ مانسون، قومی راجدھانی دلّی بھی پہنچ گیا ہے۔ ڈاکٹر Mohapatra نے مزید کہا کہ دلّی میں اگلے دو دن کے دوران، ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش ہوسکتی ہے۔x

## HP rains

ہماچل پردیش میں مانسون کی بارش کے سبب روز مرہ کی زندگی شدید طور سے متاثر ہو رہی ہے۔ ریاست میں جمعرات تک شدید بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ کل رات سے لگاتار شدید بارش کی وجہ سے ریاست کے کئی ضلعوں میں معمول کی زندگی درہم برہم ہوگئی ہے۔ بارش کے سبب 34 افراد کی جانیں گئی ہیں، 74 سے زیادہ لوگ زخمی ہوئے ہیں اور چار افراد اب بھی لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ درختوں کے گرنے اور ملبے کے سبب سولان میں کالکا–شملہ ہیریٹیج ریلوے لائن پر ریل خدمات میں رخنہ پڑا ہے۔ x

## HP Weather

ہماچل پردیش کے سبھی حصوں میں مانسون پوری طرح سرگرم ہے، جہاں کئی علاقوں میں گذشتہ 24 گھنٹے سے شدید بارش ہو رہی ہے۔ ریاست کی بڑی ندیاں اور دریا طغیانی پر ہیں اور ندیوں پر بنے ڈیم سے پانی کا اخراج جاری ہے۔ انتظامیہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اِن ندیوں اور دریاؤں کے قریب نہ جائیں اور غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔x

**Rajassthan Mud Sliding**

راجستھان کے بھرت پور ضلع میں کیچڑ کے سبب پھلسنے کے ایک واقعے میں چار افراد ہلاک اور 8دیگر زخمی ہوگئے۔ یہ واقعہ roopwas تھانے کے تحت Jangi Ka Nangla گاؤں کے نزدیک پیش آیا۔ تین افراد کی موقعے پر ہی موت ہوگئی، جبکہ ایک علاج کے دوران چل بسا۔ پولیس نے بتایا کہ یہ واقعہ اُس جگہ پیش آیا جہاں چمبل پروجیکٹ کیلئے پائپ لائن بچھانے کا کام چل رہا تھا۔ کمپنی نے بارش سے پہلے ایک گہرا گڑھا کھودا تھا لیکن کام نامکمل چھوڑ دیا گیا تھا۔x

**Cloud Burst Uttarakhand**

اتراکھنڈ کے بالائی علاقوں میں مسلسل بارش کی وجہ سے دریاؤں اور ندیوں میں طغیانی آ گئی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ہری دوار میں گنگا کے پانی کی سطح میں اضافہ درج کیا گیا ہے۔

**Kolkata Gang Rape**

ڈاکٹر ارچنا مجمدار کی قیادت میں خواتین کے قومی کمیشن کی ایک ٹیم نے مبینہ اجتماعی عصمت دری معاملے میں آج کولکاتہ کے لاء کالج کا دورہ کیا۔ کولکاتہ پولیس نے اسسٹنٹ کمشنر آف پولیس کی زیر قیادت ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی ہے جو اس معاملے کی جانچ کرے گی۔ پولیس نے اس معاملے میں ایک سکیورٹی گارڈ سمیت 4لوگوں کو گرفتار کیا ہے۔x

**PaK Earthqauke**

پاکستان کے بلوچستان صوبے میں آج پانچ اعشاریہ تین شدت کا زلزلہ آنے کے سبب کم سے کم 5افراد زخمی ہوگئے۔ یہ زلزلہ مقامی وقت کے مطابق رات تقریباً ساڑھے تین بجے آیا اور اِس کا مرکز Barkan قصبے کے نزدیک تھا۔ ابتدائی خبروں کے مطابق زلزلے کے سبب تقریباً ایک درجن مکانوں کو نقصان پہنچا اور بہت سے مکانوں میں دراڑیں آ گئی ہیں۔ x

**Badminton US Open**

یو ایس اوپن 2025بیڈمنٹن میں بھارت کے نوجوان کھلاڑی، آیوش شیٹی مردوں کے اور Tanvi Sharma خواتین کے سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔انھوں نے امریکہ کے Iowa کے کاؤنسل Bluffs کے Mid-America سینٹر میں کل رات اِس بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ عالمی نمبر چھیاسٹھ Tanvi، ساتویں درجہ بندی کی حامل یوکرین کی Buhrova کو اکیس–چودہ اور اکیس–سولہ سے ہرا کر خواتین کے سنگلز کے فائنل میں پہنچی ہیں۔وہیں 20سالہ آیوش شیٹی، سنسنی خیز الٹ پھیر کرتے ہوئے عالمی نمبر چھ Chou Tien Chen کو اکیس–تیئس، اکیس–پچیس اور اکیس–چودہ سے شکست دیتے ہوئے اپنے کیریئر کے سب سے بڑے فائنل میں پہنچے

ہیں۔آج دیر رات Tanvi کا مقابلہ اعلٰی درجہ بندی کی حامل امریکہ کی Beiwen Zhang سے ہوگا، جسے جیت کر Tanvi بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور خطاب جیتنے والی سب سے کم عمر بھارتی کھلاڑی بن سکتی ہیں۔دوسری جانب آیوش کا مقابلہ تیسری درجہ بندی کے حامل کنیڈا کے Brian Yang سے ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆